بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اصول جرح وتعدیل

**افادات**

**متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ**

سرپرست: مرکز اھل السنۃ والجماعۃ 87 جنوبی لاہور روڈ سرگودھا

چیف ایگزیکٹو: احناف میڈیا سروسز

مکتبہ دار الایمان، 87 جنوبی لاہور روڈ سرگودھا

048-3881487, 0321-6353540

markazhanfi@gmail.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اصول جرح وتعدیل

از افادات: متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

## جرح کی تعریف:

الطعن فی راوی الحدیث بما یسلب عدالته أو ضبطه.

(مقدمۃ کتاب التعدیل والتجریح للباجی: ج1ص34)

ترجمہ: راوی کے عیوب کو بیان کرنا جو اس کی عدالت اور ضبط کو ختم کرڈالے جرح کہلاتا ہے۔

## تعدیل کی تعریف:

هو توثیق الراوی ووصفه بالعدالة والضبط.

(مقدمۃ کتاب التعدیل والتجریح للباجی: ج1ص34)

ترجمہ: راوی کے قابلِ اعتماد ہونے کو بیان کرنا اور اس پر یہ حکم لگانا کہ وہ عادل اور ضابط ہے۔

## تعریف علمِ جرح وتعدیل:

1: هو علم یُبحث فیه عن جرح الرواة وتعدیلهم بألفاظٍ مخصوصةٍ وعن مراتبِ تلك الالفاظ۔

(کشف الظنون عن آسام الکتب والفنون لمصطفیٰ بن عبد اللہ (م1067ھ) ج1ص457)

ترجمہ: یہ ایسا علم ہے جس کے ذریعے راویوں کے جرح وتعدیل کے بارے میں مخصوص کلمات اور ان کے مراتب سے بحث کی جاتی ہے۔

2: علمُ الجرح والتّعدیل علم یَبحَثُ فی احوالِ الرُّواةِ ودرجةِ حِفظِهم لاحادیث رسول الله صلی الله علیه وسلم۔

(المحرر فی الجرح والتعدیل للدکتور حمد بن ابراہیم العثمان: ص9)

ترجمہ: علم جرح تعدیل ایسا علم ہے جو راویوں کے حالات اور ان کے احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حفظ کے درجات کے متعلق بحث کرتا ہے۔

## موضوع علم جرح وتعدیل:

احوال الرواة۔

ترجمہ: راویوں کے حالات اس علم کا موضوع ہے۔

## غرض علمِ جرح وتعدیل:

معرفة الصحیح من السقیم، اذهو المقصود بعلم الجرح والتّعدیل۔

(التعدیل والتجریح لابی الولید الباجی: ج1ص289)

ترجمہ: علم جرح وتعدیل کی غرض صحیح وضعیف کی معرفت حاصل کرنا ہے۔

## فنِ جرح وتعدیل کی ضرورت واہمیت:

تمام امتوں میں سے امت محمدیہ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے اپنے دین اسلام کی حفاظت کی خصوصاً اپنے پیغمبر حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین آپ کے افعال، اشارات، شب وروز وغیرہ کو بڑی محنت کرکے محفوظ کیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کے

متعلق اس امت کی خدمات بے مثال ہیں، انہیں محافظین حدیث (محدثین وفقہاء) کو دعا دیتے ہوئے سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

نضر الله عبدا سمع مقالتي فوعاها ثم بلّغها عني. فرُبَّ حاملِ فقهٍ غيرُ فقيهٍ. ورب حامل فقه إلى من هو أفقه منه.

(سنن ابن ماجہ رقم الحدیث 236 باب من بلغ علما)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ اس شخص کو تروتازہ رکھے جس نے میری بات کو سنا، پھر اس کو یاد رکھا پھر میری جانب سے اسے (آگے) پہنچایا۔ کئی لوگ جو فقہ (حدیث) کو روایت کرنے والے ہوتے ہیں لیکن غیر فقیہ ہوتے ہیں اور کئی فقیہ اس (حدیث) کو ان لوگوں تک پہنچاتے ہیں جو ان سے زیادہ فقیہ ہوتے ہیں۔

لیکن اس کے ساتھ ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی بھی خبر دی کہ میری امت میں چند ایسے افراد بھی ہوں گے جو میری طرف جھوٹی احادیث منسوب کریں گے۔ چنانچہ فرمانِ نبوی ہے:

يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ، يَأْتُونَكُمْ مِنَ الْأَحَادِيثِ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوا أَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ، فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ، لَا يُضِلُّونَكُمْ وَلَا يَفْتِنُونَكُمْ

(مقدمہ مسلم باب النهي عن الرواية عن الضعفاء والاحتياط في تحملها)

آپ کے اس فرمان میں امت کو ان دجالوں سے بچنے کا حکم ہے۔ عام آدمی کے ذمہ خود کو بچانا ہے اور علماء کے ذمہ اپنی ذات کے ساتھ ساتھ امت کو بچانا بھی ہے جس کے لئے اسماء الرجال کی معرفت ضروری ہے۔

ان دجالوں کے انجام کو بیان کرتے ہوئے آپ علیہ السلام نے فرمایا:

من كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار

(صحیح البخاری رقم الحدیث 110 باب باب إثم من كذب على النبي صلى الله عليه وسلم)

اب ضروری تھا کوئی ایسا طریقہ اختیار کیا جائے جس کی وجہ سے احادیث رسول کی حفاظت بھی ہو جائے اور ان لوگوں کی نشاندہی بھی ہو جائے جو اس فن میں مجروح ومتکلم فیہ ہیں اس کے لیے سوائے فنِ اسماء الرجال کے کوئی اور راستہ نہیں تھا۔ امت کے بہت بڑے طبقے نے اس فن کی ضرورت کو محسوس کیا اور اپنے آپ کو اس کام کے لیے تیار کرتے ہوئے دن رات محنت کرکے اس عظیم خدمت کو سرانجام دیا اور روایان حدیث کے مکمل حالات یعنی نام، ولدیت، کنیت، لقب، شہر، عدالت، حافظہ، اساتذہ، شاگرد، تحصیل علم کے لئے کئے گئے اسفار، ماہرین اسماء الرجال کی نظر میں راوی کا مقام وغیرہ کو قلمبند کرکے ایسی خدمت سرانجام دی جس کی مثال امم سابقہ میں نہیں ملتی۔ اس بات کا اعتراف اغیار بھی کرتے ہیں، چنانچہ سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ نے مشہور اسلام دشمن ڈاکٹر اسپرنگر کا قول نقل کیا ہے جو اس نے حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ کی کتاب "الاصابہ" کے انگریزی مقدمہ میں لکھا ہے:

"کوئی قوم دنیا میں ایسی گزری نہ آج موجود ہے جس نے مسلمانوں کی طرح "اسماء الرجال" کا عظیم الشان فن ایجاد کیا ہو جس کی بدولت آج پانچ لاکھ شخصوں کا حال معلوم ہو سکتا ہو۔"

(بحوالہ خطبات مدراس: ص44)

## فتنہ وضع حدیث اور آغاز اسماء الرجال

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین روایت حدیث کے معاملہ میں انتہائی محتاط تھے کہ کہیں روایت میں الفاظ کی کمی بیشی نہ ہو جائے جس پر سرکار نے جہنم کی وعید بیان کی ہے۔ ان میں سب سے زیادہ محتاط سیدنا صدیق اکبر تھے جو حدیث بیان کرنے میں احتیاط کے ساتھ ساتھ دوسروں سے حدیث قبول کرنے میں بھی خوب تحقیق فرماتے اور یہ کام آپ ہی نے سب سے پہلے شروع فرمایا۔ چنانچہ امام ذہبی (م748ھ) فرماتے ہیں:

وكان أولَ من احتاط فی قبول الأخبار.

(تذکرۃ الحفاظ ج1ص9الطبقۃ الاولیٰ من الکتاب)

ترجمہ: آپ پہلے شخص ہیں جنہوں نے احادیث قبول کرنے میں احتیاط سے کام لیا۔

سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی یہ حالت تھی کہ جب بھی حدیث بیان کرتے تو جسم پر کپکپی شروع ہو جاتی، پیشانی سے پسینہ ٹپکتا ہوا نظر آتا اور زبان سے فرماتے میرے آقا نے یوں فرمایا یا اس کے قریب فرمایا۔ چنانچہ امام سخاوی نقل کرتے ہیں:

أن عمرو بن میمون سمع یوما ابن مسعود یحدث عن النبی صلی اللہ علیه وسلم وقد علاه كرب وجعل العرق ینحدر منه عن جبینه وهو یقول إما فوق ذلك وإما دون ذلك وإما قریب من ذلك

(فتح المغیث ج2ص217 الفصل الثالث الروایۃ بالمعنی، مقدمہ فتح الملہم ص80)

ترجمہ: عمرو بن میمون فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دن حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرتے ہوئے سنا، آپ کی کیفیت یہ ہو رہی تھی کہ جیسے آپ پر ایک بوجھ طاری ہو، آپ کی پیشانی سے پسینہ بہہ رہا تھا اور آپ فرما رہے تھے: آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے اس سے کچھ زائد فرمایا، اس سے کچھ کم فرمایا یا اس کے قریب قریب فرمایا۔

چونکہ صادق و مصدوق پیغمبر صلی اللہ اپنی مبارک زبان سے وضاعین حدیث کے متعلق پیش گوئی فرما چکے تھے جس کا پورا ہونا یقینی تھا تو حضرت عثمان ذوالنورین کے دور خلافت میں چند لوگ تقیہ کی چادر اوڑھ کر بظاہر اسلام میں داخل ہو گئے اور اندرون خانہ اسلامی عمارت کی بنیادوں کو کمزور کرنا شروع کر دیا۔ اس جماعت کا سرغنہ مشہور غالی یہودی عبد اللہ بن سبا تھا جو یہودی مذہب میں رہ کر غلط باتیں گھڑنے کا ماہر تھا۔ چنانچہ امام عبد الکریم شہرستانی فرماتے ہیں:

أنه كان یهودیا فأسلم وكان فی الیهودیة یقول فی یوشع بن نون: وصی موسى علیهما السلام مثل ما قال فی علی رضی اللہ عنه وهو أول من أظهر القول بالنص بإمامة علی رضی اللہ عنه.

(الملل والنحل لامام محمد بن عبد الکریم الشہرستانی ج1ص172)

ترجمہ: یہ شخص یہودی تھا، پھر (ظاہراً) اسلام لایا۔ جب یہ یہودی تھا تو حضرت یوشع بن نون کی بارے میں کہا کرتا تھا کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وصی ہیں جس طرف یہی شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں کہتا تھا (کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصی ہیں) یہی وہ شخص ہے جس نے سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی امامت کے منصوص ہونے کی بات کی۔

اس نے بظاہر مسلمان ہو کر محبت اہل بیت و علی کی آڑ میں صحابہ کرام کے ایمان پر حملہ کیا اور فضیلت علی رضی اللہ عنہ میں صحیح احادیث کے ہوتے ہوئے بھی احادیث گھڑنا شروع کر دیں، اسی کی شرارتوں کی وجہ سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا، خلافت حیدری میں باہمی لڑائیاں ہوئیں اس بدبخت نے جہاں اور جرائم کا ارتکاب کیا وہاں فتنہ وضع حدیث کی بنیاد رکھ کر وعید شدید "من سن فی الإسلام سنة سیئة كان علیه وزرها ووزر من عمل بها من بعده من غیر أن ینقص من أوزارهم شیء" (صحیح مسلم: رقم 1017) کا مستحق ٹھہرا۔

وضع حدیث کے بانی کے متعلق حافظ ابن حجر عسقلانی المتوفی (852ھ) حضرت امام شعبی کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں:

اول من كذب عبد اللہ بن سبا.

(لسان المیزان ج3ص289 رقم الترجمہ 1225)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو جب اس کے کرتوتوں کے بارے میں معلوم ہوا تو آپ نے اس سے اعلان برات کیا یہ پھر بھی باز نہ آیا بالآخر سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے اس کو آگ میں جلا کر فرمان نبوی "من كذب علی متعمدا" کی صداقت کی طرف اشارہ فرمایا، یہ خود تو واصل جہنم ہوا مگر اس کے کارندے جو مختلف علاقوں میں پھیلے ہوئے تھے انہوں نے صحابہ پر تبرا اور وضع حدیث کا کام جاری رکھا جنہوں نے

صحابہ کی مخالفت اور محبت علی میں افراط کرتے ہوئے احادیث گھڑیں حضرت علی وقتاً فوقتاً ان کی تردید کرتے رہے مثلاً ایک موقع پر فرمایا:

قاتلهم الله أي عصابة بيضاء سودوا، وأي حديث من حديث رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أفسدوا.

(تذکرۃ الحفاظ ج1 ص15)

کہ خدا انہیں ہلاک کرے، کتنی روشن جماعت کو انہوں نے سیاہ کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کتنی حدیثوں کو انہوں نے بگاڑا۔

اس وقت کے صحابہ کرام اور دیگر اہل علم نے اس فتنہ کا تعاقب کیا حضرت علی نے حدیث کے متعلق لوگوں کو نصیحت کی کہ:

حدثوا الناس بما يعرفون ودعوا ما ينكرون.

(تذکرۃ الحفاظ ج1 ص15)

کہ لوگوں سے انہیں باتوں کو بیان کرو جنہیں وہ جانتے ہوں اور جن سے وہ آشنا نہ ہوں، ان کو بیان نہ کرو۔

علامہ ذہبی آپ کے اس فرمان کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

فقد زجر الإمام علي رضي الله عنه عن رواية المنكر وحث على التحديث بالمشهور وهذا أصل كبير في الكف عن بث الأشياء الواهية والمنكرة من الأحاديث في الفضائل والعقائد والرقائق ولا سبيل إلى معرفة هذا من هذا إلا بالإمعان في معرفة الرجال.

(تذکرۃ ص15، 16)

”حضرت علی رضی اللہ عنہ نے منکر روایت کو بیان کرنے پر زجر و تنبیہ سے کام لیا اور مشہور احادیث کو روایت کرنے کی ترغیب دی۔ حدیثوں کے پرکھنے کے لیے یہ ایک معیار و کسوٹی ہے کہ منکر و واہی احادیث کے بیان کرنے سے باز رہا جائے۔ خواہ فضائل سے متعلق ہوں یا عقائد و رقاق سے اور اس سے واقفیت رجال کی معرفت کے بغیر ممکن نہیں۔“

**<u>الحاصل</u>:** فتنہ وضع حدیث کے بعد اہل علم نے بڑے اہتمام کے ساتھ سند حدیث اور رجال کی تحقیق کا التزام کیا جو اس سے پہلے نہ تھا۔ صحابی رسول ترجمان القرآن حضرت ابن عباس (م68ھ) کے متعلق امام مسلم نقل فرماتے ہیں:

جاء بشير العدوي إلى بن عباس فجعل يحدث ويقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فجعل بن عباس لا يأذن لحديثه ولا ينظر إليه فقال يا بن عباس ما لي لا أراك تسمع لحديثي أحدثك عن رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا تسمع فقال بن عباس إنا كنا مرة إذا سمعنا رجلا يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ابتدرته أبصارنا وأصغينا إليه بآذاننا فلما ركب الناس الصعب والذلول لم نأخذ من الناس إلا ما نعرف.

(مقدمہ مسلم ص باب النهي عن الرواية عن الضعفاء والاحتياط في تحملها)

:”بشیر بن کعب عدوی ابن عباس کی خدمت میں حاضر ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرکے کچھ حدیثیں بیان کرنے لگے، مگر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ حال تھا کہ نہ ان کی حدثیوں کی طرف کان لگاتے تھے اور نہ کوئی توجہ فرماتے تھے۔ بشیر کو تعجب ہوا۔ اس پر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بشیر کے سامنے اس کی وجہ ان الفاظ میں بیان کی: ایک زمانہ ہم پر ایسا گزرا ہے کہ جب ہم سنتے کہ کوئی آدمی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ رہا ہے تو ہماری نگاہیں فوراً اس کی طرف اٹھ جاتی تھیں اور ہم ہمہ تن گوش ہو کر اس کی بات کو سنتے تھے، پھر جب لوگ ہر سرکش (اونٹ) اور غیر سرکش پر سوار ہونے لگے (یعنی غلط و صحیح میں تمیز جاتی رہی، رطب و یابس ہر طرح کی باتیں بیان کرنے لگے) تو اب ہم صرف انہیں حدیثوں کو قبول کرتے ہیں جنہیں ہم خود جانتے ہیں۔

مشہور تابعی حضرت امام محمد بن سیرین المتوفی (110ھ) فرماتے ہیں:

لم يكونوا يسألون عن الإسناد فلما وقعت الفتنة قالوا سموا لنا رجالكم فينظر إلى أهل السنة فيؤخذ حديثهم

وينظر إلى أهل البدع فلا يؤخذ حديثهم.

(مقدمہ صحیح مسلم ص 11 باب بیان أن الإسناد من الدین)

کہ لوگوں سے پہلے اسناد کے بارے میں نہیں پوچھا جاتا تھا، لیکن جب فتنہ پھیلا تو حدیث بیان کرنے والوں سے یہ کہا جانے لگا: اپنے رواتِ حدیث کے نام بتاؤ، دیکھا جائے گا کہ اہلِ سنت کون ہیں؛ انہی کی روایات لی جائیں گی، اہلِ بدعت کا بھی پتہ لگایا جائے گا اور ان کی احادیث نہ لی جائیں گی۔

امام سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

اِلإسْنَادُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ فَإِذَا لَمْ يَكُنْ مَعَهُ سِلَاحٌ فَبِأَيِّ شَيْءٍ يُقَاتِلُ.

(فتح المغیث)

ترجمہ: اسناد مؤمن کا ہتھیار ہے۔ اگر اس کے پاس ہتھیار ہی نہیں ہو تو وہ کس چیز کی مدد سے لڑے گا۔

سند کی اہمیت کو بیان کرتے ہوئے امام عبد اللہ مبارک المتوفی (م 181ھ) فرماتے ہیں:

الإسناد من الدين ولولا الإسناد لقال من شاء ما شاء

(مقدمہ مسلم باب بیان أن الإسناد من الدین)

ترجمہ: اسناد دین کا حصہ ہے۔ اگر اسناد نہ ہوتی تو جس کے دل میں جو آتا کہتا۔

امام بخاری اپنے شیخ علی بن المدینی المتوفی (178ھ) سے اسماء الرجال کی اہمیت ان الفاظ میں نقل کرتے ہیں:

التفقه في معاني الحديث نصف العلم، ومعرفة الرجال نصف العلم

(سیر اعلام النبلاء ج 8 ص 31 رقم الترجمہ 1957 ترجمہ علی بن مدینی)

پانچ سو صحابہ کی زیارت سے مشرف ہونے والے مشہور تابعی حضرت امام شعبی کے ہاں حدیث کے رجال وسند کی کتنی اہمیت تھی اس کا اندازہ اس واقعہ سے لگایا جا سکتا ہے جس کو حضرت امام ابن عبد البر المالکی المتوفی (م 463ھ) نے اپنی کتاب التمہید کے مقدمہ میں نقل کیا ہے:

عن الشعبي عن الربيع بن خثيم قال: من قال لا اله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو على كل شيء قدير عشر مرات كان له كعتق رقاب أو رقبة" قال الشعبي فقلت للربيع بن خثيم من حدثك بهذا الحديث فقال عمرو بن ميمون الاودي فلقيت عمرو بن ميمون فقلت من حدثك بهذا الحديث فقال عبد الرحمن بن أبي ليلى فلقيت ابن أبي ليلى فقلت من حدثك قال أبو أيوب الأنصاري صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم.

(مقدمہ التمہید ص 46)

حضرت ابن عباس ودیگر اہلِ علم کے ان فرامین وعمل سے واضح ہوا کہ ظہورِ فتنہ وضعِ حدیث کے بعد اہلِ علم روایت بیان کرنے اور سننے میں بہت احتیاط سے کام لیتے۔ سند کے متعلق خوب تحقیق کرتے تاکہ فتنہ کا مکمل طور پر سدباب ہو جائے اور لوگ کذب علی النبی جیسے کبیرہ گناہ کے ارتکاب سے محفوظ ہو جائیں۔

# فن اسماء الرجال کا بانی ومدون

مطلقاً اسماء الرجال وجرح تعدیل کا آغاز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی میں ہو چکا تھا۔ اس بارے میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی احتیاط کا حوالہ پہلے گزر چکا ہے۔ امام ذہبی (م748ھ) سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ (م24ھ) کے متعلق فرماتے ہیں:

وهو الذی سن للمحدثین التثبت فی النقل وربما كان يتوقف فی خبر الواحد إذا ارتاب.

(تذکرۃ الحفاظ ج1 ص11)

امام سخاوی نے ایسے سات صحابہ کے اسماء گرامی ذکر فرمائے ہیں جو جرح وتعدیل کے امام شمار ہوتے تھے۔ (تفصیل آگے آرہی ہے)

نیز امام سخاوی ہی فرماتے ہیں:

وتكلم فی الرجال كما قاله الذهبی جماعة من الصحابة. (فتح المغیث ج3 ص266)

صحابہ کے بعد تابعین کے دور میں فتنوں کی وجہ سے جرح وتعدیل میں مزید اضافہ ہوا۔ کتب رجال میں ان تابعین کا ذکر موجود ہے جو اس فن کے امام شمار ہوتے ہیں چنانچہ امام اعظم فی الفقہاء حضرت امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رحمہ اللہ (م150ھ) کا فرمان:

ما رأيت فيمن رأيت أفضل من عطاء، ولا أكذب من جابر الجعفی.

(میزان الاعتدال ج1ص380 رقم الترجمہ 1425 ترجمہ جابر جعفی)

ثبوت جرح وتعدیل میں مشہور ہے۔ الغرض یہ علم صحابہ وکبار تابعین کے زمانہ میں موجود تھا لیکن باقاعدہ فن کی صورت میں مدون نہیں تھا سب سے پہلے اس کو فن کی شکل کس نے دی اس کے متعلق دو قول مشہور ہیں:

**قول نمبر1:** امیر المومنین فی الحدیث امام شعبہ بن الحجاج البصری (م160ھ)

چنانچہ امام ابن حبان آپ کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

وهو أول من فتش بالعراق عن أمر المحدثين وجانب الضعفاء والمتروكين حتى صار علماً يُقتدى به ثم تبعه عليه بعده أهل العراق.

(کتاب الثقات رقم الترجمہ 8516)

یہی بات امام ابو بکر احمد بن علی بن منجویہ (م428ھ) نے اپنی کتاب "رجال مسلم" (ج1 ص299) میں فرمائی ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں: وهو أول من فتش بالعراق عن الرجال وذب عن السنة.

(تقریب التہذیب رقم الترجمہ 2790)

وقال صالح جزرة: أول من تكلم فی الرجال شعبة ثم تبعه القطان ثم أحمد ويحيى.

(تہذیب التہذیب رقم الترجمہ 3263)

**قول نمبر2:** امام یحیٰ بن سعید القطان (م198ھ)

امام ذہبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

فاول من جمع كلامه فی ذلك الامام الذی قال فيه أحمد بن حنبل: ما رأيت بعينی مثل يحيى بن سعيد القطان، وتكلم فی ذلك بعده تلامذته: يحيى بن معين، وعلی ابن المدينی، وأحمد بن حنبل، وعمرو بن ابی الفلاس، وأبو خيثمة، وتلامذتهم، كأبی زرعة، وأبی حاتم، والبخاری، ومسلم، وأبی إسحاق الجوزجانی السعدی، وخلق من بعدهم.

(مقدمہ میزان الاعتدال ص1، مقدمہ لسان المیزان ص5)

لیکن یاد رہے کہ ان حضرات نے اس علم کو فن کی شکل دی اور مدون کیا، ورنہ نفس علم پہلے سے موجود تھا کما مر

چنانچہ امام سیوطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

وأما قول صالح جزرة أول من تكلم في الرجال شعبة ثم تبعه يحيى بن سعيد القطان ثم أحمد وابن معين فيعني أنه أول من تصدى لذلك۔

(تدریب الراوی النوع الحادی والستون فی معرفۃ الثقات)

## ﴿ثبوت جرح وتعدیل﴾

### دلیل نمبر 1:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا أَنْ تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِينَ﴾

(سورۃ الحجرات:6)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم نادانی سے کچھ لوگوں کو نقصان پہنچا بیٹھو اور پھر اپنے کیے پر پچھتاؤ۔

☆ علامہ ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

أنه سبحانه لم يأمر بردِّ خبرِ الفاسق وتكذيبه وردِّ شهادته جملةً، وإنما أَمَرَ بالتبيُّنِ فإن قامت قرائنُ وأدلة من خارجٍ تدل على صدقه عُمِلَ بدليلِ الصدقِ۔

(مدارج السالکین لابن القیم: ج1 ص360)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے فاسق کی خبر کو رد کرنے، اسے جھوٹا قرار دینے یا اس کی گواہی کو بالکل ناقابلِ اعتبار قرار دینے کا حکم نہیں دیا بلکہ یہ حکم فرمایا کہ اس کی خبر کی چھان بین کر لی جائے۔ اگر ایسے خارجی قرائن اور دلائل پائے جائیں جن سے اس کی سچائی کا پتہ چلے تو دلیل صدق کا اعتبار کرتے ہوئے اس کی خبر کو قبول کر لیا جائے گا۔

### دلیل نمبر 2:

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو حضرت ابو عمرو بن حفص نے طلاق بتہ دی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو عدت بیٹھنے کا حکم دیا اور فرمایا:

فَإِذَا حَلَلْتِ فَآذِنِينِي. قَالَتْ فَلَمَّا حَلَلْتُ ذَكَرْتُ لَهُ أَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ وَأَبَا جَهْمٍ خَطَبَانِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم: أَمَّا أَبُو جَهْمٍ فَلاَ يَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهِ وَأَمَّا مُعَاوِيَةُ فَصُعْلُوكٌ لاَ مَالَ لَهُ. انْكِحِي أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ.

(صحیح مسلم: ج ص باب المطلقۃ ثلاثا لا نفقۃ لہا)

ترجمہ: جب تمہاری عدت پوری ہو جائے تو مجھے بتانا۔ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب میں عدت سے فارغ ہوئی تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ سلم سے عرض کی کہ حضرت معاویہ بن ابی سفیان اور حضرت ابو جہم نے مجھے پیغام نکاح بھیجا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابو جہم تو عام طور پر سفر میں رہتے ہیں یا وہ اپنی بیوی کو تنبیہ اور زجر و توبیخ کرتے رہے ہیں اور جہاں تک حضرت معاویہ کی بات ہے تو وہ ایک محتاج و غریب آدمی ہیں، اس لیے (میرا مشورہ یہ ہے) کہ تم اسامہ بن زید سے نکاح کر لو۔

☆امام ابو عبد اللہ الحاکم فرماتے ہیں:

هذا خبر صحيح مستعمل عند الفقهاء وفيه الدليل الواضح أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أخبر من أحوالهما على الديانة فلم يكن غيبة.

(المدخل الی الاکلیل: ص25)

ترجمہ: یہ صحیح حدیث فقہاء کے ہاں معروف ہے اور اس میں واضح دلیل موجود ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو حضرات کے بارے میں دیانت داری سے خبر دی ہے، لہٰذا یہ غیبت نہ ہو گی۔

☆علامہ ابو بکر خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

فی هذا الخبر دلالة على ان إجازة الجرح للضعفاء من جهة النصيحة لتجتنب الرواية عنهم وليعدل عن الاحتجاج بأخبارهم لأن رسول الله صلى الله عليه وسلم لما ذكر فى أبى جهم انه لا يضع عصاه عن عاتقه وأخبر عن معاوية انه صعلوك لا مال له عند مشورة استشير فيها لا تتعدى المستشير كان ذكر العيوب الكامنة فى بعض نقلة السنن التى يؤدى السكوت عن اظهارها عنهم وكشفها عليهم الى تحريم الحلال وتحليل الحرام والى الفساد فى شريعة الإسلام أولى بالجواز وأحق بالاظهار.

(الکفایۃ فی علم الروایۃ: ص39)

## دلیل نمبر 3:

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَجُلًا اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَآهُ قَالَ بِئْسَ أَخُو الْعَشِيرَةِ وَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِيرَةِ فَلَمَّا جَلَسَ تَطَلَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجْهِهِ وَانْبَسَطَ إِلَيْهِ فَلَمَّا انْطَلَقَ الرَّجُلُ قَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ يَا رَسُولَ اللَّهِ حِينَ رَأَيْتَ الرَّجُلَ قُلْتَ لَهُ كَذَا وَكَذَا ثُمَّ تَطَلَّقْتَ فِي وَجْهِهِ وَانْبَسَطْتَ إِلَيْهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ مَتَى عَهِدْتِنِي فَحَّاشًا إِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللَّهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ شَرِّهِ

(صحیح البخاری: ج ص کتاب الادب-باب لم یکن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاحشا ولا متفحشا)

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اندر آنے کی اجازت مانگی، جب آپ نے اس کو دیکھ کر فرمایا: برا ہے فلاں قبیلہ کا بھائی! برا ہے فلاں قبیلہ کا بیٹا! جب آپؐ اس کے ساتھ بیٹھ گئے تو آپ خندہ پیشانی اور خوش دلی سے پیش آئے، جب وہ آدمی چلا گیا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ سے عرض کیا: یارسول اللہ! جب آپؐ نے اس آدمی کو دیکھا تو اس طرح فرمایا، پھر آپؐ خندہ پیشانی اور خوش دلی کے ساتھ ملے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! تم نے مجھے بدگو کیسے سمجھ لیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیامت کے دن وہ لوگ سب سے بدترین درجہ میں ہوں گا جن کے شر کے خوف سے محفوظ رہنے کے لئے لوگ ان سے دور رہیں۔

☆علامہ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ امام ابو حاتم الرازی کے حوالے سے لکھتے ہیں:

وفی هذا الخبر دليل على أن إخبار الرجل بما فى الرجل على جنس الابانة [الهندية: الديانه بدل الابانه] ليس بغيبة، إذ النبى -صلى الله عليه وسلم- قال: "بئس أخو العشيرة، أو ابن العشيرة"، ولو كان هذا غيبة لم يُطْلِقْها رسولُ الله -صلى الله عليه سلم- وإنما أراد بقوله هذا أن يفتدى [هكذا فى النسختين ولعلها: أن يتعدى] ترك الفحش، لا أنه أراد ثَلْبه، وإنما الغيبة ما يريد القائل القدح فى المقول فيه وأئمتنا -رحمة الله عليهم- فإنهم إنما بينوا هذه الاشياء، وأطلقوا الجرح فى غير العدول لئلا يحتج بأخبارهم، لا أنهم أرادوا ثلبهم والوقيعة فيهم. والاخبار عن الشئ لا يكون غيبة إذا أراد القائل به غير الثلب.

(کتاب المجروحین لابن حبان: ص18)

## دلیل نمبر4:

عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ الرَّجُلُ فِي حَيَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَى رُؤْيَا قَصَّهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَمَنَّيْتُ أَنْ أَرَى رُؤْيَا أَقُصُّهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْتُ غُلَامًا شَابًّا أَعْزَبَ وَكُنْتُ أَنَامُ فِي الْمَسْجِدِ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ مَلَكَيْنِ أَخَذَانِي فَذَهَبَا بِي إِلَى النَّارِ فَإِذَا هِيَ مَطْوِيَّةٌ كَطَيِّ الْبِئْرِ وَإِذَا لَهَا قَرْنَانِ كَقَرْنَيِ الْبِئْرِ وَإِذَا فِيهَا نَاسٌ قَدْ عَرَفْتُهُمْ فَجَعَلْتُ أَقُولُ أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ النَّارِ أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ النَّارِ فَلَقِيَهُمَا مَلَكٌ آخَرُ فَقَالَ لِي لَنْ تُرَاعَ فَقَصَصْتُهَا عَلَى حَفْصَةَ فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْ كَانَ يُصَلِّي بِاللَّيْلِ قَالَ سَالِمٌ فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا يَنَامُ مِنْ اللَّيْلِ إِلَّا قَلِيلًا۔ (صحیح البخاری: باب مناقب عبد اللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں جب کوئی شخص خواب دیکھتا تو اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتا، میری خواہش تھی کہ میں بھی کوئی خواب دیکھوں اور نبی ﷺ سے بیان کروں، میں ایک مجرد جوان تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں مسجد کے اندر سویا کرتا تھا، میں نے خواب میں دیکھا کہ دو فرشتوں نے مجھے پکڑا اور دوزخ کی طرف لے گئے جو بل والے خانہ دار کنویں کی طرح پیچ در پیچ تھی، اور کنویں کی طرح دو کنارے تھے جس میں کچھ لوگ موجود تھے جن کو پہچان کر میں کہنے لگا (اعوذ باللہ من النار، اعوذ باللہ من النار) میں دوزخ سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں، پھر ان فرشتوں میں سے ایک فرشتہ نے مجھ سے کہا تم مت ڈرو، پھر میں نے یہ خواب حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بیان کیا، حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عبد اللہ اچھے آدمی ہیں کاش وہ رات کی نماز پڑھا کرتے، سالم بیان کرتے ہیں پھر عبد اللہ رات کو بہت کم سونے لگے۔

## دلیل نمبر5:

عَنْ ابْنِ عُمَرَ عَنْ أُخْتِهِ حَفْصَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ۔

(صحیح البخاری: باب مناقب عبد اللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے اپنی بہن حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ذریعہ سے بیان کیا کہ ان سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عبد اللہ اچھے آدمی ہیں۔

☆ مذکورہ دونوں حدیثوں میں "نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ" اور "إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ" کے الفاظ تعدیل ثابت کرتے ہیں۔ حافظ شمس الدین محمد بن عبد الرحمن سخاوی فرماتے ہیں:

وقال النبی صلی اللہ علیہ و سلم فی الجرح بئس أخو العشیرة وفی التعدیل إن عبد اللہ رجل صالح إلی غیر ذلك من الأحادیث الصحیحة فی الطرفین ولذا استثنوا هذا من الغیبة المحرمة واجمع المسلمون علی جوازه بل عد من الواجبات للحاجة إلیه۔

(فتح المغیث: ج3 ص350)

## ایک سوال اور اس کا جواب:

**سوال:** فن اسماء الرجال میں جب کسی راوی پر جرح کی جاتی ہے تو یہ غیبت کے زمرہ میں آتی ہے جو کہ حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿وَلَا يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوهُ﴾

(سورۃ الحجرات: 12)

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی فرمایا:

اَلْغِيبَةُ أَشَدُّ مِنَ الزِّنَا. (المعجم الاوسط للطبرانی: ج6 ص48- رقم 6590)

لہٰذا کسی راوی پر جرح کر کے غیبت کا مرتکب نہیں ہونا چاہیے۔

## جواب:

علامہ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ (ت 463ھ) غیبت کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

واما الغيبة التي نهى الله تعالى عنها...... فهي ذكر الرجل عيوب أخيه يقصد بها الوضع منه والتنقيص له والازراء به فيما لا يعود الى حكم النصيحة.

(الکفایۃ فی علم الروایۃ: ص40 باب وجوب تعریف المزکی ماعندہ من حال المسؤل عنہ)

ترجمہ: غیبت جس سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے یہ ہے کہ ایک آدمی اپنے بھائی کے عیب کو اس لیے بیان کرے کہ اس کا مقصد اپنے بھائی کو ذلیل کرنا، قدرومنزلت کو گرانا اور اس کی بدگوئی کرنا ہو، اس سے مقصد خیر خواہی نہ ہو۔

جرح میں نہ تو کسی کا کوئی ذاتی مفاد ہے نہ کسی کو ذلیل ورسوا کرنا مطلوب ہوتا ہے، اس لیے ائمہ نے جارح ومعدل کے لیے جو شرائط بیان کی ہیں ان میں سے ایک جارح کا ناصح ہونا بھی ہے (تفصیل آگے آرہی ہے) جب کہ غیبت میں اصلاح مقصود نہیں ہوتی بلکہ اپنی خواہش کی تسکین وتعصب کا اظہار مقصود ہوتا ہے۔ نیز بتصریح ائمہ کسی کے عیب کو بیان کرنا، یہ مطلقاً حرام نہیں بلکہ بعض جگہ اجازت ہے۔ چنانچہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے چند صورتیں ایسی بیان کی ہیں جہاں دوسرے کی عدم موجودگی میں اس کے عیب کو بیان کرنا جائز ہے، فرماتے ہیں:

اِعْلَمْ أَنَّ الغِيبَةَ تُبَاحُ لِغَرَضٍ صَحِيحٍ شَرْعِيٍّ لا يُمْكِنُ الوُصُولُ إِلَيْهِ إِلاَّ بِهَا ,وَهُوَ سِتَّةُ أَسْبَابٍ.

(ریاض الصالحین باب مایباح من الغیبۃ)

ان چھ صورتوں میں [1] مظلوم ہونا، [2] منکَر کو مٹانے اور گناہ گار کو راہِ راست پر لانے کے لیے امداد طلب کرنا، [3] فتویٰ طلب کرنا، [4] مسلمان کی خیر خواہی کا قصد ہونا (جیسے رواۃ پر جرح کرنا، نکاح کے معاملہ میں مشورہ دینا، کسی بدعتی یا فاسق سے علم حاصل کرنے والے طالب علم کو روکنا، کسی فاسق یا مغفل کا حال اس کے ولی کو بتانا) [5] جس کا فسق ظاہر ہو اس کے احوال بتانا تاکہ لوگ اسے کسی اہم منصب پر فائز نہ کردیں، [6] معروف اللقب ہونا جیسے اعمش، اعرج وغیرہ۔

(ریاض الصالحین باب مایباح من الغیبۃ- ملخصاً)

یہی وجہ ہے کہ ائمہ فقہاء ومحدثین نے اس کو مسلمانوں کی خیر خواہی قرار دیتے ہوئے مباح بلکہ بعض اوقات میں واجب فرمایا ہے۔

چنانچہ امام عبد اللہ بن احمد بن محمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہما فرماتے ہیں:

جاء أبو تراب النحشبي إلى أبي رضي الله عنه فجعل أبي يقول فلان ضعيف فلان ثقة فقال: أبو تراب يا شيخ لا تغتاب العلماء فالتفت أبي إليه وقال له ويحك هذا نصيحة ليس هذا غيبة.

(طبقات الحنابلہ ص248)

علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

مِنْهَا جَرْحُ المَجْرُوحِينَ مِنَ الرُّوَاةِ والشُّهُودِ وذلكَ جَائِزٌ بِإجْمَاعِ المُسْلِمِينَ، بَلْ وَاجِبٌ لِلْحَاجَةِ.

(ریاض الصالحین باب مَا یباح من الغیبۃ)

# جرح وتعدیل کے چند اصول

## اصل نمبر1: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر جرح کرنا جائز نہیں

### صحابی کی تعریف:

1: حافظ بدر الدین محمود بن احمد بن موسیٰ العینی الحنفی (ت 855ھ) فرماتے ہیں:

الصحابي من لقي النبي ثم مات على الإسلام. (عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری: باب فی فضائل اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

2: حافظ ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی الشافعی (ت 852ھ) فرماتے ہیں:

واصح ما وقفت عليه من ذالك ان الصحابي من لقي النبي صلى الله عليه وسلم مومناً به ومات على الاسلام فيدخل في من لقيه من طالت مجالسته له او قصرت، ومن روىٰ عنه اولم يرو، ومن غزا معه او لم يغز، ومن راٰه روية ولولم يجالسه ومن لم يره لعارض كالعمى. (مقدمۃ الاصابۃ: ج1 ص7)

ایسے خوش نصیب انسان کے متعلق مسلمانوں کا نظریہ ہے کہ اس کا مقابلہ کائنات کا کوئی ولی بھی نہیں کر سکتا۔

حافظ عماد الدین ابو الفداء اسماعیل بن خطیب ابی حفص عمر بن کثیر دمشقی شافعی (ت 774ھ) فرماتے ہیں:

ولهم الفضل والسبق والكمال الذي لا يلحقهم فيه أحد من هذه الأمة رضي الله عنهم وأرضاهم.

(تفسیر ابن کثیر: سورت الفتح تحت الآیۃ 29)

امام ابو عمر یوسف بن عبد اللہ ابن عبد البر القرطبی المالکی (ت 463ھ) نقل کرتے ہیں کہ ابراہیم بن سعید الجوہری نے کہا:

سألت أبا أسامة، أيما كان أفضل معاوية، أو عمر بن عبد العزيز؟ فقال: لا نعدل بأصحاب محمد -صلى الله عليه وسلم- أحدا.

(جامع بیان العلم وفضلہ باب الحض علی لزوم السنۃ والاقتصار علیہا)

حضرت سعید بن زید فرماتے ہیں:

لَمَشْهَدُ رَجُلٍ مِنْهُمْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم يَغْبَرُّ فِيهِ وَجْهُهُ خَيْرٌ مِنْ عَمَلِ أَحَدِكُمْ عُمُرَهُ وَلَوْ عُمِّرَ عُمُرَ نُوحٍ.

(سنن ابی داود باب فِی الْخُلَفَاءِ)

حضرت مجدد الف ثانی فرماتے ہیں:

عبد اللہ بن مبارک سے پوچھا گیا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ افضل ہیں یا عمر بن عبد العزیز؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ وہ گرد وغبار جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ معاویہ کے گھوڑے کی ناک میں پڑا ہے وہ عمر بن عبد العزیز سے کئی گنا بہتر ہے تو پھر سوچنا چاہئے کہ جس گروہ کی ابتدا میں اوروں کی انتہا درج ہو اس کی انتہا کہاں تک ہو گی۔

(مکتوبات امام ربانی: ج1 ص235 مکتوب نمبر58)

صحابہ کرام کے ان فضائل کی وجہ سے اہل السنت والجماعت کا متفق علیہ عقیدہ ہے کہ "تمام صحابہ عادل، ثقہ اور پاکباز ہیں کسی مومن کو ان پر کسی قسم کے شک وشبہ کرنے کی اجازت نہیں۔ صحابہ کے کسی عمل میں خواہش کی تسکین مقصود نہیں تھی یہاں تک کہ ان کے اجتہادی اختلافات بھی اخلاص پر مبنی تھے، نصوص کی موجودگی میں صحابہ کو تاریخ کے رطب ویابس میں پرکھنا حماقت اور گمراہی کا سبب ہے تاریخ کی وجہ سے ان کی مخالفت حرام ہے۔"

## عدالت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین:

### قرآن وحدیث کی روشنی میں

امام ابو بکر احمد بن علی بن ثابت بن احمد الخطیب البغدادی (ت 463ھ) قرآن کریم کی کئی آیات واحادیث سے عدالت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر استدلال کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

وجميع ذلك يقتضي طهارة الصحابة والقطع على تعديلهم ونزاهتهم فلا يحتاج أحد منهم مع تعديل الله تعالى لهم المطلع على بواطنهم الى تعديل أحد من الخلق له فهو على هذه الصفة الا ان يثبت على أحد ارتكاب ما لا يحتمل الا قصد المعصية والخروج من باب التأويل فيحكم بسقوط العدالة وقد برأهم الله من ذلك ورفع اقدارهم عنه على انه لو لم يرد من الله عز وجل ورسوله فيهم شيء مما ذكرناه لاوجبت الحال التي كانوا عليها من الهجرة والجهاد والنصرة وبذل المهج والاموال وقتل الآباء والاولاد والمناصحة في الدين وقوة الإيمان واليقين القطع على عدالتهم والاعتقاد لنزاهتهم وانهم أفضل من جميع المعدلين والمزكين الذين يجيؤن من بعدهم ابد الآبدين هذا مذهب كافة العلماء ومن يعتد بقوله من الفقهاء۔

(الکفایہ فی علم الروایہ باب ماجاء في تعديل الله ورسوله للصحابة)

### اجماعِ امت کی روشنی میں

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عدالت پر امت کا اجماع ہے۔ ملاحظہ ہو:

1: امام ابو عمر یوسف بن عبد اللہ ابن عبد البر القرطبی المالکی (ت 463ھ) فرماتے ہیں:

ونحن وإن كان الصحابة رضى الله عنهم قد كفينا البحث عن أحوالهم لإجماع أهل الحق من المسلمين وهم أهل السنة والجماعة على أنهم كلهم عدول۔ (مقدمہ الاستیعاب)

2: مشہور مفسر امام ابو عبد اللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی المالکی (ت 671ھ) فرماتے ہیں:

فالصحابة كلهم عدول أولياء الله تعالى وأصفياؤه، وخيرته من خلقه بعد أنبيائه ورسله. هذا مذهب أهل السنة، والذى عليه الجماعة من أئمة هذه الأمة۔ (الجامع لاحکام القرآن سورۃ الفتح آیت 29)

3: علامہ محی الدین ابوزکریا یحییٰ بن شرف النووی (ت 676ھ) لکھتے ہیں:

اتفق اهل الحق ومن يعتد به فى الاجماع على قبول شهاداتهم ورواياتهم و كمال عدالتهم۔ (شرح مسلم: کتاب فضائل الصحابۃ)

4: حافظ ابو الفضل شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی الشافعی (ت 852ھ) فرماتے ہیں:

اتفق اهل السنة على ان الجميع عدول ولم يخالف فى ذلك الا شذوذ من المبتدعة۔ (مقدمہ الاصابہ ص9)

5: علامہ جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر السیوطی الشافعی (ت 911ھ) فرماتے ہیں:

الصحابة كلهم عدول من لابس الفتن وغيرهم بإجماع من يعتد به۔ (تدریب الراوی النوع التاسع والثلاثون معرفۃ الصحابۃ)

### علماءِ امت کے اقوال کی روشنی میں

[1]: امام ابو حاتم محمد بن حبان بن احمد بن حبان التمیمی (ت 354ھ) فرماتے ہیں:

الصحابة كلهم عدول ليس فيهم مجروح ولا ضعيف۔

(صحیح ابن حبان وأما شرطنا في نقله ما أودعناه كتابنا هذا)

لأن أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم كلهم عدول ثقات۔ (صحیح ابن حبان رقم 2733)

[2]: امام ابو عمر یوسف بن عبد اللہ ابن عبد البر القرطبی المالکی (ت 463ھ) فرماتے ہیں:

لأن الصحابة كلهم عدول مرضيون ثقات أثبات.

(التمھید الحدیث الثانی عشر)

[3]: امام ابو بکر احمد بن علی بن ثابت بن احمد الخطیب البغدادی (ت 463ھ) فرماتے ہیں:

لأن عدالة الصحابة ثابتة معلومة بتعديل الله لهم واخباره عن طهارتهم واختياره لهم في نص القرآن.

(الکفایہ باب ماجاء فی تعدیل اللہ ورسولہ للصحابۃ)

[4]: علامہ محی الدین ابوزکریا یحیٰی بن شرف النووی (ت 676ھ) فرماتے ہیں:

فإن الصحابة رضی الله عنهم كلهم هم صفوة الناس وسادات الأمه وأفضل ممن بعدهم وكلهم عدول قدوة لا نخالة فيهم.

(شرح مسلم باب فضیلۃ الأمیر العادل)

[5]: علامہ زین الدین بن ابراہیم بن محمد المعروف ابن نجیم الحنفی (ت 970ھ) فرماتے ہیں:

وَالْمَنْقُولُ فِی الْأُصُولِ أَنَّ الصَّحَابَةَ عُدُولٌ فَهُمْ مَحْفُوظُونَ من الْمَعَاصِي.

(البحر الرائق بحث نواقض وضوء)

[6]: سلطان المحدثین ملا علی بن سلطان محمد القاری الھروی الحنفی (ت 1014ھ) فرماتے ہیں:

والصحابة كلهم عدول. (شرح نخبۃ الفکر أقسام الغریب)

إذ الصحابة كلهم عدول على الصحيح. (ایضاً تعریف الشاذ لغۃً واصطلاحاً)

## صحابی رسول پر جرح جائز نہیں:

قرآن کریم، احادیث مبارکہ، اجماع امت اور اقوال اکابرین کی روشنی میں یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ صحابہ کرام کی جماعت ثقہ وعادل ہے اسی وجہ سے ائمہ نے تصریح کی ہے کہ سند حدیث میں جب راویوں کے متعلق بحث ہوتی ہے تو صحابی کی ذات سے متعلق تحقیق کرنا، جرح کرنا جائز نہیں ہے۔

چند تصریحات ملاحظہ فرمائیں:

1: امام ابوزرعہ الرازی (ت 264ھ) فرماتے ہیں:

إذا رأيت الرجل ينتقص أحدا من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم فاعلم انه زنديق وذلك أن الرسول صلى الله عليه وسلم عندنا حق والقرآن حق وانما أدى إلينا هذا القرآن والسنن أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم وانما يريدون ان يجرحوا شهودنا ليبطلوا الكتاب والسنة والجرح بهم أولى وهم زنادقة.

(الکفایہ باب ماجاء فی تعدیل اللہ ورسولہ للصحابۃ)

2: امام عبد اللہ بن عدی بن عبد اللہ الجرجانی (ت 365ھ) فرماتے ہیں:

فإن أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم لحق صحبتهم وتقادم قدمهم في الإسلام لكل واحد منهم في نفسه حق وحرمة للصحبة فهم أجل من أن يتكلم أحد فيهم.

(الکامل ترجمہ زید بن ابی اوفیٰ)

3: امام ابو بکر احمد بن علی بن ثابت بن احمد الخطیب البغدادی (ت 463ھ) فرماتے ہیں:

وانہ لا یحتاج الی سؤال عنھم وانما یجب فیمن دونھم کل حدیث اتصل إسنادہ بین من رواہ وبین النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یلزم العمل بہ الا بعد ثبوت عدالۃ رجالہ ویجب النظر فی أحوالھم سوی الصحابی الذی رفعہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لأن عدالۃ الصحابۃ ثابتۃ معلومۃ۔ (الکفایہ باب ماجاء فی تعدیل اللہ ورسولہ للصحابۃ)

4: مشہور مؤرخ ابو الحسن عزالدین علی بن محمد بن محمد بن عبد الکریم الشیبانی المعروف ابن الاثیر الجزری (ت 630ھ) فرماتے ہیں:

والصحابۃ یشارکون سائر الرواۃ فی جمیع ذلك إلا فی الجرح والتعدیل؛ فإنھم کلھم عدول لا یتطرق إلیھم الجرح لأن اللہ عزوجل ورسولہ زکیاھم وعدلاھم۔ (مقدمہ اسد الغابہ)

5: امام ابو عمرو تقی الدین عثمان بن عبد الرحمن المعروف بابن الصلاح (ت 643ھ) لکھتے ہیں:

الثانیۃ للصحابۃ بأسرھم خصیصۃ وھی أنہ لا یسأل عن عدالۃ أحد منھم بل ذلك أمر مفروغ منہ لکونھم علی الإطلاق معدلین بنصوص الکتاب والسنۃ وإجماع من یعتد بہ فی الإجماع من الأمۃ۔

(مقدمہ ابن صلاح النوع التاسع والثلاثون معرفۃ الصحابۃ)

6: امام ابو عبد اللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی المالکی (ت 671ھ) فرماتے ہیں:

فالصحابۃ کلھم عدول أولیاء اللہ تعالی وأصفیاؤہ وخیرتہ من خلقہ بعد أنبیائہ ورسلہ ھذا مذھب أھل السنۃ والذی علیہ الجماعۃ من أئمۃ ھذہ الأمۃ وقد ذھبت شرذمۃ لا مبالاۃ بھم إلی أن حال الصحابۃ کحال غیرھم فیلزم البحث عن عدالتھم ومنھم من فرق بین حالھم فی بداءۃ الأمر فقال إنھم کانوا علی العدالۃ إذ ذاك ثم تغیرت بھم الأحوال فظھرت فیھم الحروب وسفك الدماء، فلا بد من البحث وھذا مردود۔ (تفسیر قرطبی الفتح 29)

## اصل نمبر 2: جرح مبہم غیر مقبول تعدیل مبہم قبول

جرح وتعدیل کی دو قسمیں ہیں 1: مفسر 2: مبہم

مفسر: جس میں جارح اور اور معدل راوی کے مجروح اور معدل ہونے کا سبب بیان کرے۔

مبہم: جس میں جرح وتعدیل کا سبب بیان نہ کرے۔

اگر جرح وتعدیل مفسر ہو تو چند شرائط کے ساتھ قبول ہے جن کا ذکر آگے آجائے گا۔ جرح وتعدیل مبہم قبول ہے یا نہیں اس میں کئی اقوال ہیں۔ مشہور قول کے مطابق تعدیل مبہم قبول ہے جرح مبہم غیر مبین السبب قبول نہیں۔ ان میں فرق کی کئی وجوہ ہیں:

1: تعدیل کے اسباب کئی ہوتے ہیں ان کو بیان کرنے میں حرج لازم آتی ہے مثلاً فلاں عادل بھی ہے، حافظ بھی ہے نمازی بھی وغیرہ تو اسباب تعدیل بیان کرنے میں مشکل پیش آتی ہے اس لیے تعدیل مبہم قبول ہے۔ ائمہ اسماء الرجال نے اس کی صراحت کی ہے مثلاً: دیکھیے الکفایہ، مقدمہ ابن صلاح، الرفع والتکمیل وغیرہ، جب کہ جرح کے لیے تمام اسباب بیان کرنا ضروری نہیں کوئی ایک سبب بھی کافی ہوتا ہے۔

2: یہ فن چونکہ اجتہادی ہے اس لیے اسباب جرح میں اختلاف ہوتا رہتا ہے بسا اوقات ایک چیز ایک امام کے نزدیک اسباب جرح میں شمار ہوتی ہے جب کہ حقیقت میں وہ جرح نہیں ہوتی اس لیے جارح کے لیے ضروری ہے جرح کے ساتھ سبب بھی بیان کرے تاکہ اصول کی روشنی میں دیکھا جاسکے کہ وہ سبب جرح بنتا بھی ہے یا نہیں؟ کتب اصول میں اس کی کئی مثالیں موجود ہیں کہ ایک امام نے کسی راوی پر جرح کی اور سبب بھی بیان کیا لیکن نفس الامر میں وہ سبب نہیں بنتا چند مثالیں درج ذیل ہیں:

## مثال نمبر 1:

امام شعبہ نے منھال پر جرح کی سبب یہ بیان کیا کہ میں نے اس کے گھر سے گانے کی آواز سنی۔

قال شعبة: أتيت منزل المنهال بن عمرو فسمعت فيه صوت الطنبور فرجعت.

(الکفایہ باب ذکر بعض أخبار من استفسر في الجرح فذکر مالا یسقط العدالۃ)

لیکن امام شعبہ کے شاگرد امام وھب اس کو جرح کا سبب نہیں مانتے۔

قال وهب فقلت له فهلا سألته عسى كان لا يعلم.

امام سخاوی نے بھی حافظ ابن حجر کے حوالہ سے وھب کے اس سوال کی تائید کرتے ہوئے اسے جرح کا سبب تسلیم نہیں کیا، فرماتے ہیں:

وهذا اعتراض صحيح فإن هذا لا يوجب قدحا في المنهال.

(فتح المغیث فصل في معرفه من تقبل روایته و من ترد)

## مثال نمبر 2:

وقال جرير بن عبد الحميد أتيت سماك بن حرب فرأيته يبول قائما فلم أسأله عن حرف

کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کو ایک امام سبب جرح مان رہا ہے جبکہ امام سخاوی اس کو عذر پر محمول کرتے ہوئے سبب نہیں مانتے۔ فرماتے ہیں:

ولعله كان بحيث يرى الناس عورته. (فتح المغیث فصل في معرفه من تقبل روایته و من ترد)

اسی طرح کا ایک مسئلہ امام شافعی سے بھی منقول ہے:

وقد ذكر أن الشافعي انما أوجب الكشف عن ذلك لأنه بلغه ان انسانا جرح رجلا فسئل عما جرحه به فقال رأيته يبول قائما فقيل له وما في ذلك ما يوجب جرحه فقال لأنه يقع الرشش عليه وعلى ثوبه ثم يصلي فقيل له رأيته يصلي كذلك فقال لا.

(الکفایہ فصل إذا عدل جماعۃ رجلا وجرحہ أقل عددا من المعدلین)

## مثال نمبر 3:

قيل لشعبة: لم تركت حديث فلان؟ قال: رأيته يركض على برذون فتركت حديثه.

(الکفایہ باب ذکر بعض أخبار من استفسر في الجرح فذکر مالا یسقط العدالۃ)

ترجمہ: امام شعبہ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ آپ فلاں راوی کی روایت کیوں نہیں لیتے؟ آپ نے جواب دیا: اس لیے کہ میں نے اسے ترکی گھوڑے دوڑاتے ہوئے دیکھا تھا۔

علامہ عبد الحی لکھنوی فرماتے ہیں:

ومن المعلوم ان هذا ليس بجرح موجب لتركته.

(الرفع والتکمیل لعبد الحئ للکھنوی: المرصد الاول فیمایقبل من الجرح والتعدیل ومالایقبل منھما)

ترجمہ: یہ بات واضح ہے کہ ترکی گھوڑے دوڑانا ایسی جرح نہیں جس کی وجہ سے اس راوی کو چھوڑ دیا جائے۔

## تصریحات ائمہ:

1: امام ابو بکر احمد بن علی بن ثابت بن احمد الخطیب البغدادی (ت 463ھ) فرماتے ہیں:

ان الجرح لا يثبت الا إذا فسر سببه وذكر موجبه. (الکفایہ باب القول في الجرح ھل یحتاج الی کشف أم لا)

نیز فرماتے ہیں:

